محترم جناب حضرت مہتمم صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

مزاج گرامی! 8 اکتوبر 2005ء کو آنے والے زلزلہ کے متاثرین سے اظہار ہمدردی و یکجہتی اور زلزلہ سے ہونے والے نقصان کا اندازہ لگانے کے لئے وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس عاملہ کے ایک وفد نے حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی سربراہی میں متاثرہ علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ اسی سلسلہ میں دارالعلوم اسلامیہ چھتر دومیل مظفر آباد آزاد کشمیر میں مجلس عاملہ کا ایک خصوصی اجلاس 24 نومبر 2005 کو ہوا۔ جس میں متاثرین زلزلہ سے اظہار یکجہتی کیا گیا۔ اس اجلاس میں مولانا ڈاکٹر محمد عادل خان صاحب کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی گئی۔ جو متاثرہ مدارس اور مساجد کی مالی امداد او رتعمیر نو کے لئے فنڈ جمع کرے گی۔

اجلاس میں ذمہ داران مدارس سے اپیل کی گئی کہ اس سلسلہ میں اپنی بھرپور کوشش سے رقوم اکٹھی کریں۔ وفاق المدارس کی مجلس عاملہ نے فیصلہ کیا ہے کہ مدارس درج ذیل شرح سے کم از کم رقوم وفاق المدارس کے ریلیف فنڈ اکاونٹ میں جمع کروائیں گے۔

مدارس درجہ عالمیہ	10,000 روپے	مدارس درجہ عالیہ	6,000 روپے
مدارس درجہ ثانویہ	4,000 روپے	مدارس درجہ حفظ ابتدائیہ	2,000 روپے

وفاق المدارس ریلیف فنڈ (مدارس) ایم سی بی اسلامک بینکنگ ابدالی روڈ ملتان۔ اکاؤنٹ نمبر: 1903-23-01-00158-0

وفاق المدارس ریلیف فنڈ (مساجد) ایم سی بی اسلامک بینکنگ ابدالی روڈ ملتان۔ اکاؤنٹ نمبر: 1903-23-01-00159-8

والسلام

(مولانا) قاری محمد حنیف جالندھری

ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان

ضمنی امتحان

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کا ضمنی امتحان ۱۴۲۶ھ 2005ء انشاء اللہ تعالیٰ ۲۷۔۲۸۔۲۹ ذوالحجہ ۱۴۲۶ھ بمطابق 30-29-28 جنوری 2006 بروز ہفتہ، اتوار، سوموار، ہوگا۔ ہر روز صبح شام دو پرچے ہونگے۔ درجہ عالمیہ میں ترمذی شریف کا پرچہ بروز ہفتہ اور بخاری شریف کا پرچہ بروز اتوار صبح کے وقت ہوگا۔